© rasailojaraid.com



عینک فریدی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆ ۵۰۰ بچوں سے مولویوں کی زیادتی کی تحقیقات ہو رہی ہیں۔ (وزیر مملکت ڈاکٹر عامر لیاقت حسین)

● اپنے اوپر آنچ نہیں آنے دیتے — صاف مکر جاتے ہو دل میلا کر کے
تم تو گئے تھے باتھ میں صرف نہانے کو — اتنی مدت بعد آئے ہو کیا کر کے

☆ مفتی ٹیکسی کا رنہ دینے پر تھانیدار کا ڈرائیور پر تشدد۔ (ایک خبر)

● تمہی نادم نہیں اپنے کئے پر — اسے بھی شرمساری ہو رہی ہے

☆ نقاب میں چھپی خواتین، نظریہ اسلام کی پسماندہ تصور کشی کرتی ہیں۔ (پرویز مشرف)

● واہ! روشن اسلام کی تصویر تو صہبا پرویز پیش کر رہی ہے۔

اندھے کو اندھیرے میں بہت دور کی سوجھی

☆ کسی کو ڈاکٹر عبدالقدیر سے تحقیقات کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ (مسعود خان)

● ڈاکٹر عبدالقدیر خان سے تحقیقات کی اجازت مل گئی۔ (ایٹمی توانائی ایجنسی)

☆ صدر کا مرتبہ مجھے اللہ تعالیٰ نے عطا کیا ہے۔ (پرویز مشرف)

● اللہ تم سے یہ مرتبہ چھین لے۔ (آمین)

☆ میں چوری پر ہاتھ کاٹنے کی سزا نافذ کر کے ساری قوم کے غریبوں کو ٹنڈا بنا دوں؟ (پرویز مشرف)

● ساری قوم کے غریب چور ہیں؟ چوروی کہندے چورو چور

☆ بچپن میں کسی بڑے یا تلخ تجربے کا شکار نہیں ہوا۔ پروفیسر ابراہیم کا الزام ناشائستہ ہے۔ (وزیر مملکت عامر لیاقت حسین)

● سامنے آکر بات کرو تو پتہ چلے — آتی ہے آواز تمہاری کونے سے

☆ حکومت کے اقدامات کے نتیجے میں ملک سے غربت ختم کرنے میں مدد مل رہی ہے۔ (پرویز مشرف)

● وحشت میں ہر اک نقشہ الٹا ہی نظر آتا ہے — مجنوں نظر آتی ہے، لیلیٰ نظر آتا ہے

☆ قرآن مجید محلے کی خالہ سے پڑھا، کسی مولوی عبدالقدوس سے نہیں۔ (ڈاکٹر عامر لیاقت حسین)

● چل، جھوٹے کہیں کے۔

☆ زرداری کی رہائی، پھر گرفتاری، پھر رہائی۔ (ایک خبر)

● کیا اسیری ہے کیا رہائی ہے — سنٹ پرسنٹ تیری دہائی ہے

© rasailojaraid.com